بسم اللہ الرحمن الرحیم

"رضاخانی مذہب" کا

آئینہ اہلسنت

تالیف

ابوکلیم محمد صدیق فانی نوراللہ مرقدہ

حسب ارشاد

ڈاکٹر مفتی محمد اشرف آصف جلالی صاحب

نظر ثانی

مولانا ابوجلیل محمد خلیل خان فیضی

خطیب جامع مسجد فیضان مدینہ

اویسی بک سٹال ... گوجرانوالہ

Mob: 0333-8173630 - 0301-6464561

جملہ حقوق محفوظ ہیں

نام کتاب:............ آئینہ اہل سنت

مؤلف:............ ابو کلیم محمد صدیق فانی نور اللہ مرقدہ

نظر ثانی:............ مولانا ابو جلیل محمد خلیل خان فیضی

کمپوزنگ:............ شبیر احمد رضوی (خانیوال، کبیر والا)

پروف ریڈنگ:............ محمد شکیل قادری عطاری (خانیوال)

سن اشاعت:............ مارچ 2007ء

ناشر:............ اویسی بک سٹال

.... جامع مسجد رضائے مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایکس بلاک

.... پیپلز کالونی گوجرانوالہ

صفحات:............ 584

قیمت:............ /-250

باہتمام:............ شیخ محمد سرور اویسی

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور 7247350-042-7225085، ضیاء القرآن کراچی 2210212-021-2630411

شبیر برادرز لاہور 7246006، جمال کرم 7324946، رضا ورائٹی اینڈ پروگریسو بکس لاہور، مسلم کتابوی لاہور

مکتبہ اعلیٰ حضرت لاہور، سنی کتب خانہ لاہور، مکتبہ قادریہ گوجرانوالہ، مکتبہ رضائے مصطفےٰ گوجرانوالہ

مکتبہ نبویہ لاہور، قادری رضوی کیسٹ ہاؤس شیخ ہندی سٹریٹ لاہور، مکتبہ نوریہ رضویہ لاہور

مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد، مکتبہ فیضان مدینہ لالہ موسیٰ، کھاریاں، جہلم، گکھڑ، خانیوال وغیرہ

آئینہ مضامین

الدین اور اسی طرح وہ تمام نام جن میں مسمّٰی کا معظم فی الدین بلکہ معظم علی الدین ہونا نکلے، جیسے شمس الدین، بدر الدین، نور الدین، فخر الدین، شمس الاسلام، محی الاسلام، بدر الاسلام وغیر ذٰلک۔ سب کو علمائے اسلام نے سخت ناپسند رکھا اور مکروہ ممنوع رکھا۔ اکابر دین قدس اسرارہم کہ امثال اسلامی سے مشہور ہیں یہ ان کے نام نہیں، القابات ہیں کہ ان مقامات رفیعہ تک وصول کے بعد مسلمین نے توصیفاً انہیں ان لقبوں سے یاد کیا۔ جیسے شمس الائمہ حلوائی فخر الاسلام بزدوی، تاج الشریعہ، صدر الشریعہ، یونہی محی الحق والدین حضور پر نور سیدنا غوث اعظم۔ معین الحق والدین حضرت خواجہ غریب نواز، وارث النبی سلطان الہند حسن سنجری، شہاب الحق والدین عمر سہروردی، بہاؤ الحق والدین نقشبند، قطب الحق والدین بختیار کاکی، شیخ الاسلام فرید الدین مسعود، نظام الحق والدین سلطان الاولیاء، محبوب الٰہی، محمد نصیر الحق والدین چراغ دہلوی محمود وغیرہم رضی اللہ عنہم اجمعین ونفعنا ببرکاتہم فی الدنیا والدین الخ

- رد المحتار میں ہے: مصنف کے قول لا بما فیہ تزکیہ سے معلوم ہوتا ہے منع مثل محی الدین وشمس الدین کے علاوہ ازیں اس میں جھوٹ بھی ہے الخ

(احکام شریعت حصہ اول صفحہ نمبر ۷۷، ۷۸ طبع کراچی)

<u>عبارت نمبر ۳۷:</u> "مصنف رضا خانی مذہب" لکھتا ہے احمد رضا بریلوی لکھتے ہیں:

ابلیس کا علم، علم اقدس سے ہرگز وسیع تر نہیں۔ (خالص الاعتقاد صفحہ نمبر ۶)

<u>مصنف رضا خانی مذہب کا جاہلانہ تبصرہ</u>

اس عبارت کے معنی اس کے سوا کیا ہے کہ ابلیس کا علم حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے وسیع ہے مگر وسیع تر نہیں الخ (رضا خانی مذہب صفحہ نمبر ۹۲ حصہ اول)

<u>جواب:</u> مولانا احمد رضا بریلوی نور اللہ مرقدہٗ نے مولوی خلیل احمد انبیٹھوی دیوبندی کی درج ذیل عبارت کا رد کیا ہے جس میں وہ شیطان کیلئے زمین کا علم محیط نص قطعی سے مانتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے زمین کا علم محیط ماننے کو نصوص قطعیہ کے خلاف اور شرک

سے تعبیر کرتے ہیں۔

"الحاصل غور کرنا چاہیے کہ شیطان و ملک الموت کا حال دیکھ کر علم محیط زمین کا فخر عالم کو خلاف نصوص قطعیہ بلا دلیل قیاس فاسدہ سے ثابت کرنا شرک نہیں تو کون سا ایمان کا حصہ ہے۔ شیطان، ملک الموت کی یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی فخر عالم کی وسعت علم کی کون سی نص قطعی ہے، جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کیا جائے"۔

(براہین قاطعہ صفحہ نمبر ۵۱، مصنفہ مولوی خلیل احمد انبیٹھوی مصدقہ مولوی رشید احمد گنگوہی)

<u>عبارت نمبر ۳۸:</u> "مصنف رضا خانی مذہب" لکھتا ہے کہ رضا خانی ملاؤں کا عقیدہ ہے۔

کہ اولیاء کرام کو بھی خدائی قدرت حاصل ہے العیاذ باللہ، اصل عبارت ملاحظہ ہو۔

اولیاء از عرش تا تحت الثریٰ دیکھتے ہیں۔ (ملفوظات صفحہ نمبر ۷۷ جلد اول)

<u>جواب:</u> یہ مرتبہ تمام اولیاء اللہ کو حاصل نہیں، خواص اولیاء کاملین کا مرتبہ ہے۔

- حضرت ابو الحسن خرقانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

خبردار آسمان مجھ کو یہ نہ کہہ کہ میں مرد کامل ہوں جب تک کہ ستر برس تک اپنا معاملہ ایسا نہ دیکھے کہ تکبیر اول خراسان میں کہے، سلام کعبۃ اللہ میں کہے۔ اوپر سے عرش تک دیکھے نیچے سے تحت الثریٰ تک دیکھے الخ (تذکرۃ الاولیاء صفحہ نمبر ۶۵۸)

- حضرت حارث ابن نعمان اور حارث ابن لقمان رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک بار میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے سوال فرمایا کہ اے حارث تم نے کس حال میں دن پایا۔ میں نے عرض کیا کہ سچا مومن ہو کر فرمایا تمہارے ایمان کی کیا حقیقت ہے میں نے عرض کیا: میں گویا عرش الٰہی کو ظاہر دیکھ رہا ہوں اور گویا جنتیوں کو ایک دوسرے سے جنت میں ملتے ہوئے اور دوزخیوں کو دوزخ میں شور مچاتے دیکھ رہا ہوں۔ (جامع کبیر از امام جلال الدین سیوطی المتوفی ۹۱۱ھ)

<u>الزام نمبر ۳۱:</u> "مصنف رضا خانی مذہب" درج ذیل عنوان کے تحت لکھتا ہے:

4 / 4